www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide

52/GA/CC/M-2026-31

Booklet Series **A**

Candidate's Roll Number

Serial No. 1016405

Question Booklet

# URDU LANGUAGE AND LITERATURE

**Time Allowed : 2 Hours** | **Maximum Marks : 100**

**Read the following instructions carefully before you begin to answer the questions.**

## IMPORTANT INSTRUCTIONS

1. This Question Booklet contains 100 questions in all.
2. **All** questions carry equal marks.
3. Attempt **all** questions.
4. An Answer Sheet has been supplied inside the Question Booklet to mark the answers. **You must write your Roll Number and encode it and write other particulars in the space provided in the Answer Sheet, failing which your Answer Sheet will not be evaluated.**
5. **Immediately after commencement of the examination, you should check up your Question Booklet and attached Answer Sheet and ensure that the Question Booklet Series is printed on the top right-hand corner of the Question Booklet and the series encoded in Answer Sheet are same. Also please check that the Question Booklet contains 16 printed pages including two pages (Page Nos. 14 and 15) for Rough Work and no page or question is missing or unprinted or torn or repeated or Question Booklet and Answer Sheet have different series. If you find any defect in this Question Booklet and attached Answer Sheet, get it replaced immediately by a complete Question Booklet with OMR sheet of the same series.**
6. You must write your Roll Number in the space provided on the top of this page. Do not write anything else on the Question Booklet.
7. Questions and their responses are printed in Urdu version in this Question Booklet. Each question comprises of **four** responses - (A), (B), (C) and (D). You are to select ONLY ONE correct response and mark it in your Answer Sheet. In case you feel that there are more than one correct response, mark the response which you consider the best. In any case choose ONLY ONE response for each question.
8. In the Answer Sheet, there are **four** circles - Ⓐ, Ⓑ, Ⓒ and Ⓓ against each question. To answer the questions, you are to mark with **Black/Blue ink ballpoint pen ONLY ONE circle** of your choice for each question. Select only one response for each question and mark it in your Answer Sheet. If you mark more than one circle for one question, the answer will be treated as wrong. **Use Black/Blue ink ballpoint pen only to mark the answer in the Answer Sheet. Any erasure or change is not allowed.**
9. You should not remove or tear off any sheet from the Question Booklet. You are not allowed to take this Question Booklet and the Answer Sheet out of the Examination Hall during the examination. **After the examination has concluded, you must hand over your Answer Sheet to the Invigilator.** Thereafter, you are permitted to take away the Question Booklet with you.
10. Failure to comply with any of the above instructions will render you liable to such action or penalty as the Commission may decide at their discretion.
11. Candidates must assure before leaving the Examination Hall that their Answer Sheets will be kept in Self Adhesive LDPE Bag and completely packed/sealed in their presence.



**ध्यान दें :** अनुदेशों का हिन्दी रूपान्तर इस पुस्तिका के अन्तिम पृष्ठ पर छपा है।

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

1. میرامن نے گنجِ خوبی کس کی فرمائش پر لکھی؟

(A) کریم الدین

(B) جان گل کرسٹ

(C) حکیم اسد علی خاں

(D) بہادر علی حسینی

2. نیچے دیئے گئے چار مصرعوں میں سے کسی ایک مصرعے کی مدد سے شعر مکمل کیجیے۔

آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے

(A) موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا

(B) مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا

(C) صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

(D) سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا

3. نظم ''ذوق وشوق'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(A) آزاد نظم

(B) پابند نظم

(C) نظم معریٰ

(D) نثری نظم

4. فیضِ میر کل کتنی حکایتوں پر مشتمل ہے؟

(A) تین

(B) چار

(C) پانچ

(D) دو

5. وہ نظم جس میں قافیہ کی پابندی نہیں کی جاتی مگر بحر کے مقررہ اوزان استعمال ہوتے ہیں، کیا کہلاتی ہے؟

(A) پابند نظم

(B) آزاد نظم

(C) معریٰ نظم

(D) ان میں سے کوئی نہیں

6. ''دکن میں اُردو'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) حفظ محمود شیرانی

(B) مسعود حسین خان

(C) نصیر الدین ہاشمی

(D) گیان چند جین

7. ''میرامن نے اُردو زبان کے لئے موزوں زبان کی بنیاد ڈالی۔''
یہ قول کس کا ہے؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) احسن فاروقی

(C) گیان چند

(D) سرسید

8. ان میں سے کون سی نظم شعری مجموعے 'سیف وسبو' میں شامل نہیں ہے؟

(A) بغاوت

(B) پست قوم

(C) باغی انسان

(D) کسان

www.prepp.in

9. پیروڈی کے معنی کیا ہیں؟

(A) مزاح

(B) طنز

(C) بدلنا

(D) جوابی نغمہ

10. امیرن کا باپ کہاں کام کرتا تھا؟

(A) کوٹھے پر

(B) عدالت میں

(C) بہو بیگم کے مقبرے پر

(D) کباڑی کے پاس

11. میر کے متعلق کتاب ''شعر شور انگیز'' کُل کتنی جلدوں میں ہے؟

(A) 11

(B) 4

(C) 3

(D) 2

12. ''کلیم الدین احمد نے تنقید کے میدان میں قدم رکھا تو اُردو دُنیا میں زلزلہ سا آ گیا۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) محمد حسن

(B) احتشام حسین

(C) نورالحسن نقوی

(D) وزیر آغا

13. پروفیسر مہتا کس ناول کا کردار ہے؟

(A) فائر ایریا

(B) اُداس نسلیں

(C) بستی

(D) گئودان

14. ''ہمارے وہم وخیال کا ایک فریب ہی ہے کہ سروسامانِ کار اپنے سے باہر ڈھونڈتے رہتے ہیں۔ اگر یہ پردہ فریب ہٹا کر دیکھیں تو صاف نظر آئے کہ وہ ہم سے باہر نہیں ہے، بلکہ خود ہمارے اندر ہی موجود ہے۔ عیش و مسرت کی جن گُل شگفتگیوں کو ہم چاروں طرف ڈھونڈتے ہیں اور نہیں پاتے، وہ ہمارے نہاں خانۂ دل کے چمن زاروں میں ہمیشہ کھلتی اور مُرجھاتی رہتی ہیں؛ لیکن محرومی ساری یہ ہوئی کہ ہمیں چاروں طرف کی خبر ہے مگر خود اپنی خبر نہیں۔'' یہ تحریر کس کی ہے؟

(A) ابوالکلام آزاد

(B) شبلی نعمانی

(C) فرحت اللہ بیگ

(D) ڈپٹی نذیر احمد

15. مرزا غالب کی عرفیت کیا ہے؟

(A) اسداللہ

(B) مرزا

(C) مرزا نوشہ

(D) غالب

16. اُردو تنقید پر ایک نظر کس کی کتاب ہے؟

(A) آل احمد سرور

(B) احتشام حسین

(C) وزیر آغا

(D) کلیم الدین احمد

17. ترائیلے کس مُلک کی صنفِ سخن ہے؟

(A) چین

(B) جاپان

(C) ہندوستان

(D) فرانسیسی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

18. دیوانِ غالب کا ''نسخہ حمیدیہ'' کس نے ترتیب دے کر شائع کیا؟

(A) مالک رام

(B) مفتی انوارالحق

(C) امتیاز علی عرشی

(D) نورالحسن نقوی

19. ''اختری بیگم'' کس کا ناول ہے؟

(A) پریم چند

(B) عصمت چغتائی

(C) مرزا ہادی رسوا

(D) قرۃ العین حیدر

20. افسانوی مجموعے ''واردات'' میں کون سا افسانہ شامل نہیں ہے؟

(A) بدنصیب ماں

(B) معصوم بچہ

(C) سوانگ

(D) لمبی لڑکی

21. یہ قول کس کا ہے؟

''غالب کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے سادہ گوئی (میر درد) کی روایت میں تازہ گوئی (ناسخ) کی خصوصیات (مضمون آفرینی وتلازمات) سے اپنا منفرد رنگ سخن ایجاد کر کے اسے حیات و کائنات سے ملا دیا۔''

(A) عبدالرحمٰن بجنوری

(B) کلیم الدین احمد

(C) احتشام حسین

(D) جمیل جالبی

22. میر امن کب پیدا ہوئے؟

(A) 1732

(B) 1733

(C) 1808

(D) 1752

23. یہ شعر کس کا ہے؟

تھی وہ اک شخص کے تصور سے
اب وہ رعنائی خیال کہاں

(A) میر تقی میر

(B) مرزا غالب

(C) مومن

(D) داغ دہلوی

24. زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) ولی، میر، مومن، غالب، فانی

(B) میر، ولی، فانی، غالب، مومن

(C) مومن، فانی، غالب، ولی، میر

(D) ولی، میر، غالب، مومن، فانی

25. کلیم الدین احمد کی تنقید پر کس کا اثر نظر آتا ہے؟

(A) گبس

(B) رچرڈس

(C) لیوس

(D) ارسطو

26. لسانی تحقیق کی رو سے مغربی ہندی کا براہِ راست تعلق کس سے ہے؟

(A) مہاراشٹری اپ بھرنش

(B) کیکئی اپ بھرنش

(C) ماگدھی اپ بھرنش

(D) شورسینی اپ بھرنش

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

.27 رام دئی اور سلطان مرزا کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

(A) بیٹی، باپ

(B) بیوی، شوہر

(C) ملازمہ، مالک

(D) طوائف، عاشق

.28 اُردوئے معلّیٰ کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

(A) 6 مارچ 1869

(B) 10 فروری 1869

(C) 12 اپریل 1899

(D) 9 مارچ 1869

.29 ''اُردو تنقید پر ایک نظر'' پہلے کس رسالے میں قسط وار شائع ہوئی؟

(A) آج کل

(B) سب رس

(C) معاصر

(D) زمیندار

.30 میر تقی میر کی سنۂ وفات کیا ہے؟

(A) 1811

(B) 1812

(C) 1810

(D) 1814

.31 علامہ اقبال کے خطبات کا مجموعہ ''تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ'' کب شائع ہوا؟

(A) 1930

(B) 1936

(C) 1924

(D) 1934

.32 ''تنقید، ادب کے جسم کا کوڑھ ہے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) ایلیٹ

(B) ٹینی سن

(C) فلابیر

(D) کولرج

.33 باغ و بہار کے آخر میں لکھا گیا پیش لفظ کس کا ہے؟

(A) سر سید احمد خان

(B) مُلا حسین واعظ کاشفی

(C) جمیل جالبی

(D) جان گل کرسٹ

.34 نظم ''طلبہ علی گڑھ کے نام''، کب لکھی گئی؟

(A) 1905

(B) 1906

(C) 1907

(D) 1908

.35 اُردو میں بندشی آوازیں کل کتنی ہیں؟

(A) 21

(B) 9

(C) 11

(D) 4

.36 شاد عظیم آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) سید محمد علی

(B) سید علی محمد

(C) سید عباس مرزا

(D) محمد تقی

Prepp
Your Personal Exams Guide

.37 علامہ اقبال کو ''امام العصر'' کس نے کہا؟

(A) آزاد بلگرامی

(B) عبدالقادر

(C) عبدالماجد دریابادی

(D) رشید احمد صدیقی

.38 مرزا محمد ہادی رسوا کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(A) 1931 لاہور

(B) 1931 حیدرآباد

(C) 1932 کشمیر

(D) 1933 حیدرآباد

.39 شاملِ نصاب خطوطِ غالب کا مجموعہ کہاں سے شائع ہوا؟

(A) دہلی اُردو اکاڈمی

(B) بہار اُردو اکاڈمی

(C) بنگال اُردو اکاڈمی

(D) انجمن ترقی اُردو

.40 میر نے کس کے مشورے پر شاعری شروع کی؟

(A) علی متقی

(B) خان آرزو

(C) سعادت امروہوی

(D) محمد امان نثار

.41 خانم جان نے امیرن کو کتنے روپے میں خریدا؟

(A) 125 روپے

(B) 200 روپے

(C) 250 روپے

(D) 100 روپے

.42 ان میں سے کون سی کلیم الدین احمد کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) قدیم مغربی تنقید

(B) عملی تنقید

(C) تنقید اور مجلسی تنقید

(D) اُردو شاعری پر ایک نظر

.43 ''امراؤ جان ادا کا موضوع زوال ہے؛ یہ زوال ایک معاشرے کا ہے جو اودھ کے چند شہروں میں محدود تھا۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) محمد حسن

(B) علی عباس حسینی

(C) خورشید الاسلام

(D) کلیم الدین احمد

.44 اُردو میں صنفِ ناول نگاری کا آغاز کس سے ہوا؟

(A) ترقی پسند تحریک سے

(B) رومانی تحریک سے

(C) علی گڑھ تحریک سے

(D) جدیدیت سے

.45 نظم ''مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ''، فیض کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) دستِ صبا

(B) نقشِ فریادی

(C) سروادیِ سینا

(D) زنداں نامہ

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

46. ''سرشار کے ''فسانۂ آزاد'' کے بعد ''اُمراؤ جان ادا'' کو لکھنؤ کی تہذیبی زندگی کا سب سے کامیاب مرقع کہا جا سکتا ہے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) خورشید الاسلام

(B) جمیل جالبی

(C) اختر انصاری

(D) محمد حسن

47. ان میں سے کس کا افسانہ ''انگارے'' میں شامل نہیں ہے؟

(A) پریم چند

(B) سجاد ظہیر

(C) رشید جہاں

(D) احمد علی

48. ان میں سے کون سی صوتیات کی شاخ نہیں ہے؟

(A) عضوی صوتیات

(B) تلفظی صوتیات

(C) سمعیاتی صوتیات

(D) سمعی صوتیات

49. ڈراما ''انارکلی'' میں کُل کتنے ایکٹ اور سین ہیں؟

(A) 3 ایکٹ، 18 سین

(B) 5 ایکٹ، 15 سین

(C) 3 ایکٹ، 13 سین

(D) 3 ایکٹ، 17 سین

50. آشا دیوی اور پنڈت بھولا ناتھ کس اُفسانے کے کردار ہیں؟

(A) شانتی

(B) روشنی

(C) مالکن

(D) نئی بیوی

51. مرزا غالب کا یہ شعر کس صنف کا ہے؟

تم ماہِ شبِ چار دہم تھے مرے گھر کے
پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور

(A) غزل

(B) مرثیہ

(C) قصیدہ

(D) مثنوی

52. یہ شعر کس کا ہے؟

عمر بھر ہم رہے شرابی سے
دل پُر خوں کی اک گلابی سے

(A) غالب

(B) میر درد

(C) میر تقی میر

(D) مومن

53. ہوری نے اپنی بیٹی رُوپا کو کُل کتنے روپے میں بیچا؟

(A) سو

(B) دو سو

(C) تین سو

(D) چار سو

1016405
1016405
1016405

Prepp
Your Personal Exams Guide

.54 ''جب مجھے دیوناتھ کے انتقال کی خبر ملی اور میں بھاگا ہوا دہلی گیا تو گھر میں برتن بھانڈے کے سوا اور کوئی سامان نہ تھا۔ابھی مرحوم کی عمر ہی کیا تھی جو زیادہ فکر کرتے۔ پورے چالیس کے بھی تو نہ ہوئے تھے۔ یوں تو لڑکپن ان کی سرشت میں داخل تھا، لیکن اس عمر میں سب ہی لوگ بے فکر ہوتے ہیں۔ پہلے ایک لڑکی ہوئی تھی، اس کے بعد دو لڑکے ہوئے۔ دونوں لڑکے تو بچپن ہی میں دغا دے گئے۔لڑکی بچ رہی تھی۔'' یہ اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(A) شانتی

(B) گلی ڈنڈا

(C) سوانگ

(D) انصاف کی پولیس

.55 سودا فیض آباد کس بادشاہ کے زمانے میں گئے؟

(A) آصف الدولہ

(B) شجاع الدولہ

(C) میرا بائی

(D) ان میں سے کوئی نہیں

.56 ذیل میں سے علامہ اقبال کا کون سا اُردو شعری مجموعہ نہیں ہے؟

(A) بانگ درا

(B) بالِ جبریل

(C) زبورِ عجم

(D) ضربِ کلیم

.57 ہجویہ قصیدہ کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟

(A) ذوق

(B) سودا

(C) میر تقی میر

(D) میر حسن

.58 اس شعر سے باغ و بہار کا کون سا قصہ شروع ہوتا ہے؟

جو کچھ کہ شاہِ عشق نے مجھ سے کیا سلوک
تفصیل وار کرتا ہوں اس کا بیاں سنو!

(A) سرگزشت آزاد بخش بادشاہ کی

(B) پہلے درویش کا

(C) دوسرے درویش کا

(D) تیسرے درویش کا

.59 یہ اشعار ''واردات'' کے کس افسانے میں شامل ہیں؟

رب کا شکر ادا کر بھائی، جس نے ہماری گائے بنائی
تازہ دودھ پلایا اس نے لطفِ حیات چکھایا اس نے
دودھ میں بھیگی روٹی میری، اس کے کرم نے بخشی سیری
خدا کی رحمت کی ہے مورت، کیسی بھولی بھالی صورت

(A) غم نداری بز بخر

(B) مفت کرم داشتن

(C) قاتل کی ماں

(D) سوانگ

.60 سودا کے کُل کتنے قصائد ہیں؟

(A) 45

(B) 48

(C) 54

(D) 53

10164051016405

www.prepp.in
Prepp Your Personal Exams Guide

61. یہ شعر کس کا ہے؟

ـ اگر نقصان پر خس کے شرر کا ٹک ارادہ ہو
کرے کو آگ کے دو ہیں کرے غرق آن کر پانی

(A) میر تقی میر
(B) حسرت
(C) فانی
(D) سودا

62. لسانیات کی کس شاخ میں کسی زبان کے لفظوں اور جملوں کے معنی کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(A) صوتیات
(B) صرفیات
(C) نحویات
(D) معنیات

63. ارسطو کے مطابق ڈرامے کے کُل کتنے اجزائے ترکیبی ہیں؟

(A) 5
(B) 6
(C) 7
(D) 8

64. زمانی اعتبار سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) شاد عظیم آبادی، جوش ملیح آبادی، فیض احمد فیض، میرا جی
(B) جوش ملیح آبادی، شاد عظیم آبادی، فیض احمد فیض، میرا جی
(C) میرا جی، جوش ملیح آبادی، شاد عظیم آبادی، فیض احمد فیض
(D) شاد عظیم آبادی، جوش ملیح آبادی، میرا جی، فیض احمد فیض

65. ان میں سے کون سی نظم ''بالِ جبریل'' میں شامل نہیں ہے؟

(A) جاوید کے نام
(B) سلطان ٹیپو کی وصیت
(C) جبریل و ابلیس
(D) ہسپانیہ

66. ''غبارِ خاطر'' کے پہلے ایڈیشن کا دیباچہ کس نے لکھا؟

(A) محمد اجمل خاں
(B) حبیب الرحمٰن خاں شیروانی
(C) مولانا عبدالماجد دریابادی
(D) مولانا شوکت علی

67. صحیح زمانی ترتیب بتائیں۔

(A) نقشِ فریادی، دستِ صبا، زندانامہ، دستِ تہہ سنگ، سرِ وادیٔ سینا
(B) دستِ صبا، زندانامہ، دستِ تہہ سنگ، سرِ وادیٔ سینا، نقشِ فریادی
(C) نقشِ فریادی، دستِ صبا، زندانامہ، سرِ وادیٔ سینا، دستِ تہہ سنگ
(D) نقشِ فریادی، زندانامہ، سرِ وادیٔ سینا، دستِ صبا، دستِ تہہ سنگ

68. ـ اس قدر پیار سے اے جانِ جہاں رکھا ہے،
دل کے رخسار پہ اس وقت تری یاد نے ہاتھ

اس شعر میں کون سی پیکر تراشی استعمال کی ہے؟

(A) بصری پیکر تراشی
(B) سمعی پیکر تراشی
(C) لمسی پیکر تراشی
(D) ذوقی پیکر تراشی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

.69 شعری مجموعہ ''سیف وسبو'' کب شائع ہوا؟

(A) 1948

(B) 1949

(C) 1941

(D) 1947

.70 میر نے اپنے جنوں کا ذکر کس مثنوی میں کیا ہے؟

(A) دریائے عشق

(B) شعلۂ عشق

(C) جوشِ عشق

(D) خواب وخیال

.71 اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

شہاں کہ کحل جواہر تھی خاک پا جن کی
انہیں کی آنکھوں میں پھرتے سلائیاں دیکھیں

(A) تضاد

(B) استعارا

(C) تلمیح

(D) ایہام

.72 حرف روی کسے کہتے ہیں؟

(A) قافیہ کے آخر کا وہ حرف یا حروف جو بار بار آئیں، حرف روی کہتے ہیں۔

(B) ردیف کے آخری حرف کو حرف روی کہتے ہیں۔

(C) مطلع کے پہلے مصرے کے پہلے لفظ کے آخری حرف کو حرف روی کہتے ہیں۔

(D) مطلع کے دوسرے مصرے کے پہلے لفظ کے آخری حرف کو حرف روی کہتے ہیں۔

.73 ''فیض احمد فیض ترقی پسندوں کے میر تقی میر تھے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) کلیم الدین

(B) محمد حسن

(C) مجروح

(D) فراق

.74 ہاں اے نگاہِ شوق! مناسب ہے احتیاط
ایسا نہ ہو کہ بزم میں چرچا کرے کوئی

اس شعر سے ''اُمراؤ جان ادا'' کا کون سا حصّہ شروع ہوتا ہے؟

(A) پہلا حصّہ

(B) دسواں حصّہ

(C) بارہواں حصّہ

(D) تیرہواں حصّہ

.75 باغ و بہار میں جنوں کے بادشاہ کی بیٹی کا نام کیا ہے؟

(A) مہرنگار

(B) بختیار

(C) روشن اختر

(D) زمرد

.76 ان میں سے کون قصیدہ کے اجزائے ترکیبی میں شامل نہیں ہے؟

(A) چہرا

(B) گریز

(C) مدح

(D) تشبیب

.77 مولانا آزاد نے غبارِ خاطر کے کس خط میں پانچویں صلیبی حملہ کی سرگزشت کا ذکر کیا ہے؟

(A) دسویں

(B) گیارہویں

(C) بارہویں

(D) تیرہویں

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

78. شاد عظیم آبادی کو انگریزی حکومت نے خان بہادر کا خطاب کب دیا؟

(A) 1892

(B) 1897

(C) 1891

(D) 1893

79. انگریزی حکومت کو مولانا ابوالکلام آزاد کے سیاسی خیالات سے کس اخبار نے باخبر کیا؟

(A) ہمدرد

(B) ٹیلر

(C) اسپیکٹیٹر

(D) پانیر

80. اُردو کا پہلا ڈراما کون سا ہے، جس میں اُردو نثر کا باقاعدہ استعمال کیا گیا؟

(A) اندرسبھا

(B) رادھا کنہیا

(C) خورشید

(D) شہید وفا

81. سودا کے قصیدہ ''درہجو اسپ'' میں کُل کتنے اشعار ہیں؟

(A) 72

(B) 81

(C) 48

(D) 103

82. ''ایک تاثر، خواہ وہ کسی کا ہو، اپنے اوپر مسلط کر کے اس انداز میں بیان کرنا کہ وہ سننے والے پر وہی اثر پیدا کرے، یہی افسانہ ہے۔'' افسانے کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

(A) پریم چند

(B) منٹو

(C) وقار عظیم

(D) احتشام حسین

83. محمد حسن کے مطابق ڈراما ''انارکلی'' کب لکھا گیا؟

(A) 1931

(B) 1932

(C) 1922

(D) 1935

84. پریم چند کا افسانہ کفن تقریباً کتنے گھنٹے پر محیط ہے؟

(A) تقریباً 24 گھنٹے

(B) تقریباً 18 گھنٹے

(C) تقریباً 36 گھنٹے

(D) تقریباً 12 گھنٹے

85. امتیاز علی تاج کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(A) 1970 کراچی

(B) 1980 لاہور

(C) 1971 سیالکوٹ

(D) 1970 لاہور

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

.86 ''زبان اور علمِ زبان'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) رشید حسن خان

(B) عبدالقادر سروری

(C) گیان چند جین

(D) محی الدین قادری زور

.87 مدھیہ دیسہ کی زبان کو مغربی ہندی کا نام کس نے دیا؟

(A) گریرسن

(B) مسعود حسین خان

(C) سنیتی کمار

(D) محی الدین قادری

.88 ڈرامے کی کون سی وحدت نہیں ہے؟

(A) وحدتِ آرائش

(B) وحدتِ زماں

(C) وحدتِ مکاں

(D) وحدتِ عمل

.89 ''نواحِ دہلی کی بولیاں اُردو کا اصل منبع ہیں اور حضرت دہلی اس کے حقیقی مولد و منشا ہے۔'' اُردو کی ابتدا سے متعلق یہ قول کس کا ہے؟

(A) ڈاکٹر سہیل کمار

(B) ڈاکٹر سنیتی کمار

(C) مسعود حسین خان

(D) محمود شیرانی

.90 ''پرانی تنقید اور سند'' کس کا مضمون ہے؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) محمد حسن

(C) آل احمد سرور

(D) احتشام حسین

.91 سودا نگاہِ دیدہ تحقیق کے حضور

جلوہ ہر ایک ذرے میں ہے آفتاب کا

اس شعر میں کس بات پر بہت زور دیا گیا ہے؟

(A) تنقید

(B) تخلیق

(C) تدوین

(D) مفروضہ

.92 بہار کی تمام بولیاں کس اپ بھرنش سے نکلی ہیں؟

(A) مہاراشٹری اپ بھرنش

(B) کیکئی اپ بھرنش

(C) ماگدھی اپ بھرنش

(D) شورسینی اپ بھرنش

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

**.93** درج ذیل اشعار کس نظم سے ماخوذ ہیں؟

وادی کہسار میں غرقِ شفق ہے سحاب
لعلِ بدخشاں کے ڈھیر چھوڑ گیا آفتاب
سادہ و پرسوز ہے دخترِ دہقاں کا گیت
کشتیِ دل کے لئے سیل ہے عہدِ شباب
آبِ رواں کبیر، تیرے کنارے کوئی
دیکھ رہا ہے کسی اور زمانے کا خواب
عالمِ نو ہے ابھی پردۂ تقدیر میں
میری نگاہوں میں ہے اس کی سحر بے حجاب

(A) خضرِ راہ
(B) ساقی نامہ
(C) مسجدِ قرطبہ
(D) لالہ صحرا

**.94** تفہیم غالب میں کتنے اشعار کی تشریح ہے؟

(A) 140
(B) 153
(C) 135
(D) 133

**.95** ظفر انصاری کی جدید تحقیق کے مطابق میر کی مثنویوں کی تعداد کتنی ہے؟

(A) 9
(B) 13
(C) 39
(D) 38

**.96** خواجہ احمد، عیسیٰ حجام اور سیدی بہار کس درویش کے کردار ہیں؟

(A) پہلے درویش کے
(B) دوسرے درویش کے
(C) تیسرے درویش کے
(D) چوتھے درویش کے

**.97** اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

ہے دوستی تو جانبِ دشمن نہ دیکھنا
جادو بھرا ہوا ہے تمہاری نگاہ میں

(A) مکرِ شاعرانہ
(B) مراعات النظیر
(C) مبالغہ
(D) تلمیح

**.98** ''اگر سودا نہ ہوتے تو اُردو قصیدے کو زیرِ بحث لانا فضول ہوتا۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) عبدالسلام ندوی
(C) میر حسن
(D) امداد امام اثر

**.99** ''اُردو املا'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) شوکت سبزاوری
(B) گیان چند
(C) رشید حسن خان
(D) رام بابو سکسینہ

**.100** رنگینی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) اسماعیل خان
(B) جمال خان
(C) کمال خان
(D) ملک خان

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

**52/GA/CC/M-2026-31**

पुस्तिका श्रृंखला

**A**

उम्मीदवार का अनुक्रमांक

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

प्रश्न–पुस्तिका

# उर्दू भाषा और साहित्य

समय : 2 घण्टे

पूर्णांक : 100

**प्रश्नों के उत्तर देने से पहले नीचे लिखे अनुदेशों को ध्यान से पढ़ लें।**

## महत्त्वपूर्ण अनुदेश

1. इस प्रश्न–पुस्तिका में कुल 100 प्रश्न हैं।
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. **सभी** प्रश्नों के उत्तर दें।
4. प्रश्नों के उत्तर देने के लिए आपको उत्तर पत्रक प्रश्न पुस्तिका के अन्दर दिया गया है। **अपने उत्तर पत्रक के निर्धारित स्थान में अपना अनुक्रमांक लिखें एवं कूटबद्ध करें तथा अन्य विवरण अवश्य लिखें अन्यथा आपका उत्तर पत्रक जाँचा नहीं जायेगा।**
5. **परीक्षा आरम्भ होते ही आप अपनी प्रश्न–पुस्तिका एवं संलग्न उत्तर पत्रक की जाँच कर देख लें कि प्रश्न–पुस्तिका के ऊपर दायीं ओर मुद्रित श्रृंखला एवं उत्तर पत्रक पर मुद्रित श्रृंखला समान है। कृपया यह भी जाँच लें कि प्रश्न–पुस्तिका में रफ़ कार्य हेतु दो पृष्ठों (पृष्ठ सं. 14 और 15) सहित पूरे 16 मुद्रित पृष्ठ हैं और कोई प्रश्न या पृष्ठ बिना छपा हुआ या फटा हुआ या दोबारा आया हुआ या प्रश्न–पुस्तिका एवं उत्तर पत्रक में मुद्रित श्रृंखला में अन्तर तो नहीं है। प्रश्न–पुस्तिका एवं संलग्न उत्तर पत्रक में किसी प्रकार की त्रुटि पाने पर तत्काल इसके बदले, इसी श्रृंखला की दूसरी सही प्रश्न–पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. पत्रक ले लें।**
6. इस पृष्ठ के ऊपर निर्धारित स्थान में अपना अनुक्रमांक अवश्य लिखें। प्रश्न–पुस्तिका पर और कुछ न लिखें।
7. इस प्रश्न–पुस्तिका में सभी प्रश्न और उनके उत्तर उर्दू में मुद्रित हैं। प्रत्येक प्रश्न के **चार** उत्तर – (A), (B), (C) और (D) क्रम पर दिये गये हैं। उनमें से आप सबसे सही **केवल एक** उत्तर को चुनें और अपने उत्तर पत्रक पर अंकित करें। यदि आपको ऐसा लगे कि किसी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर सही हैं, तो आप अपने उत्तर पत्रक में उस उत्तर को अंकित करें जो आपको सर्वोत्तम लगे। प्रत्येक प्रश्न के लिए **केवल एक** ही उत्तर चुनना है।
8. उत्तर पत्रक में प्रत्येक प्रश्न संख्या के सामने **चार** वृत्त इस प्रकार बने हुए हैं – Ⓐ, Ⓑ, Ⓒ और Ⓓ। प्रश्नों के उत्तर देने के लिए आपको अपनी पसन्द के **केवल एक वृत्त को काली/नीली स्याही के बॉल–पॉइन्ट पेन** से चिह्नित करना है। प्रत्येक प्रश्न के लिए केवल एक उत्तर को चुनें और उसे अपने उत्तर पत्रक में चिह्नित करें। आप उत्तर पत्रक में यदि एक प्रश्न के लिए एक से अधिक वृत्त में निशान लगाते हैं, तो आपका उत्तर गलत माना जायेगा। **उत्तर पत्रक में उत्तर को चिह्नित करने के लिए केवल काली/नीली स्याही के बॉल पॉइन्ट पेन का ही प्रयोग करें। किसी भी प्रकार का काट–कूट अथवा परिवर्तन मान्य नहीं है।**
9. प्रश्न–पुस्तिका से कोई पन्ना फाड़ना या अलग करना मना है। प्रश्न–पुस्तिका और उत्तर पत्रक को परीक्षा की अवधि में परीक्षा भवन से बाहर कदापि न ले जायें। **परीक्षा के समापन पर उत्तर पत्रक वीक्षक को अवश्य सौंप दें।** उसके बाद आपको अपनी प्रश्न–पुस्तिका अपने साथ ले जाने की अनुमति है।
10. ऊपर के अनुदेशों में से किसी एक का भी पालन नहीं करने पर आप पर आयोग के विवेकानुसार कार्रवाई की जा सकती है अथवा आपको दण्ड दिया जा सकता है।
11. अभ्यर्थी उत्तर पत्रक को अपनी उपस्थिति में Self Adhesive LDPE Bag में पूरी तरह से पैक/सील करवाने के उपरांत ही परीक्षा कक्ष को छोड़ें।

**Note :** English version of the instructions is printed on the First Page of this Booklet.